الینوائے کی ریاستی سیل برائے بائی لٹریسی

گائیڈ برائے والدین

الینوائے نے ریاستی سیل برائے بائی لٹریسی کیوں قائم کی ہے؟

✓ عالمی لسانیات کا مطالعہ کرنے کی ترغیب دینے کے لیے۔
✓ بائی لٹریسی کے حصول کی باضابطہ تصدیق کرنے کے لیے۔
✓ آجران کو کثیر اللسانیات کی شناخت کرنے کا طریقہ فراہم کرنے کے لیے۔
✓ یونیورسٹیز کو، داخلے اور زبان کے درجۂ مہارت کے خواہشمند درخواست دہندگان کو پہچاننے کے لیے ایک اضافی طریقہ فراہم کرنے کے لیے۔
✓ طلباء کو اکیسویں صدی کی مہارتوں کے مطابق تیار کروانے کے لیے۔
✓ عالمی زبان اور مقامی زبان کی تعلیم کی قدر سے روشناس کروانے کے لیے۔
✓ بین گروہی تعلقات کو مضبوط بنانے، تنوع کی قدر کی تصدیق کرنے، اور ایک کمیونٹی کی متعدد ثقافتوں اور لسانیات کا احترام کرنے کے لیے!

مہارت کا مظاہرہ کرنے کے لیے کون سے جائزے استعمال کیے جاتے ہیں؟

عالمی زبان میں مہارت

1. AP زبان اور ثقافتی اسکور
2. STAMP 4S کا امتحان
3. AAPPL کا امتحان
4. ACTFL شعبوں کے دیگر امتحانات
5. ALTA کا امتحان

پورٹ فولیو کے دیگر طریقے دستیاب ہیں

انگریزی زبان میں مہارت

1. ACT یا SAT اسکورز
2. ACCESS (برائے EL طلباء)
3. AP زبان اور حرف بندی کے اسکورز
4. ڈبل کریڈٹ کورس ورک
5. STAMP 4S ٹیسٹ
6. AAPPL

تفصیلات اور اسکور کے تقاضا جات ISBE کی سیل برائے بائی لٹریسی کی ویب سائٹ پر دیکھے جا سکتے ہیں۔

کیا آپ کا طالب علم دو لسانی صلاحیت کا مالک ہے؟
وہ اپنے ہائی اسکول ڈپلومہ اور ٹرانسکرپٹ حاصل کرنے پر الینوائے کی ریاستی سیل برائے بائی لٹریسی کے اہل ہو سکتے ہیں۔

ریاستی سیل برائے بائی لٹریسی کیا ہے؟
یہ انگریزی زبان اور ایک یا زائد اضافی زبانوں میں اعلیٰ سطح کی مہارت حاصل کرنے کے اعتراف میں گریجویشن کے وقت پیش کیا جانے والا ایک ایوارڈ ہے۔ ایک طالب علم ریاست الینوائے کے سرکاری کالجوں اور یونیورسٹیزمیں کالج کریڈٹ حاصل کر سکتا ہے۔

سیل کا متوقع وصول کنندہ کون ہے؟
ہائی اسکول سے فارغ التحصیل طلباء جن کے پاس انگریزی کے علاوہ وراثتی زبان کی صلاحیت ہے اور انگریزی بولنے والے طلباء جنہوں نے انگریزی کے علاوہ نئی زبان کا مطالع کیا ہے وہ اس امتیاز کے مطلوبہ وصول کنندگان ہیں۔ دو زبانوں میں مہارت ایک ایسی خوبی ہے جس کا اظہار کیا جانا چاہیئے!

سیل کیسے حاصل کی جاتی ہے؟
آپ کے طالب علم کے ہائی اسکول کا ہر سال ریاستی پروگرام میں شرکت کرنے کے لیے رجسٹر کروانا لازم ہے۔ طلباء انگریزی زبان میں مہارت کا ثبوت ریاست کے کسی بھی منظور شدہ طریقوں کی وساطت دیں گے۔ ایک منظور شدہ امتحان یا پورٹ فولیو مہارت کا مظاہرہ کرنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے یہ اس پر منحصر ہے کہ طالب علم کونسی دوسری زبان بولتا ہے۔

مزید معلومات درکار ہیں؟
اپنے ہائی اسکول کے شعبۂ مشاورت سے پوچھیں اور انہیں اس بات سے آگاہ کریں کہ آپ کا بچہ ایک اور زبان بول سکتا ہے! یا کسی بھی قسم کے سوالات کے ساتھ biliteracy@isbe.net پر ایک ای میل بھیجیں۔

isbe.net

Illinois State Board of Education

الینوائے کی ریاستی سیل برائے بائی لٹریسی

پس منظر

الینوائے ریاستی سیل برائے بائی لٹریسی ایک ایوارڈ ہے جو گریجویشن کے موقع پر انگریزی اور ایک یا زیادہ زبانوں میں مہارت کی اعلیٰ سطح مکمل کرنے کے اعتراف میں پیش کیا جاتا ہے ۔
یہ طالب علم کے ٹرانسکرپٹ اور ہائی اسکول ڈپلومہ کے وقت باضابطہ طوپر ر تفویض کیا جاتا ہے ۔

اس ایوارڈ کا مقصد ایسے طلباء کو شامل کرنا ہے جو گھر میں انگریزی کے علاوہ کوئی دوسری زبان بولتے ہیں اور ساتھ ہی وہ جو ہائی اسکول کے توسط سے عالمی زبان میں مطالعے کا کورس مکمل کر رہے ہیں۔ دو زبانوں میں مہارت ہر ایک کے لیے ایک اثاثے کی حیثیت رکھتی ہے۔

آج کے عالمی معاشرے میں دو زبانوں میں مہارت کا حامل ہونا گراں قدر مہارت ہے۔ لسانی نصاب جو طالب علموں کو سیل برائے بائی لٹریسی کی جانب رہنمائی دیتے ہیں طلباء کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ کسی زبان کے بارے میں صرف سیکھنے کے بجائے اپنی لسانی مہارتوں کا استعمال کریں۔ سیل طالب علموں کو نئی زبانیں سیکھنے اور/یا اپنی پڑھائی کے دوران اپنی مادری زبان کو برقرار رکھنے کی کوشش کرنے کے لیے کچھ استقامت دیتی ہے۔ آپ الینوائے کی ریاستی سیل برائے بائی لٹریسی جیسے پروگرام کو قائم کر کے اور فروغ دے کر اپنے طالب علموں کے لسانی مطالعے کی حوصلہ افزائی اور اس صلاحیت کو متحرک کر سکتے ہیں۔ سب سے اہم بات یہ ہے کہ آپ اپنے اسکول میں ایک ثقافت قائم کر سکتے ہیں جو متنوع زبانوں اور ثقافتوں کو تسلیم کرتی ہے اور ان کی قدر کرتی ہے ۔

الینوائے میں، سیل سرکاری کالجوں اور یونیورسٹیز میں غیر ملکی لسانی کورس کریڈٹ کے نام سے بھی ترجمہ کی جاتی ہے۔

الینوائے طلباء کے انگریزی زبان دانی اور بعد میں سیکھی جانے والی زبانوں کا مظاہرہ کرنے کے لیے مہارتی امتحانات یا پورٹ فولیو کے مختلف اختیارات کو قبول کرتا ہے۔ منظور کردہ لسانی امتحانات ہماری ویب سائٹ پر درج کردہ ہیں۔
معاونت کے لیے biliteracy@isbe.net ملاحظہ کریں۔

میں پروگرام کیسے شروع کر سکتا ہوں؟ سالانہ توقعات اور ڈیڈ لائنز کیا ہیں؟ ہمیں گریجویشن کے وقت طبعی طور پر سیل تفویض کی جاتی ہے ؟ ڈسٹرکٹس، ٹیچرز، اور یہ اعزاز حاصل کرنے والے طلباء کے لیے کون سی **معاونت موجود ہیں؟ تمام سوالات کے جوابات**
ہماری ویب سائٹملاحظہ کر کے دیکھے جا سکتے ہیں۔

Illinois State Board of Education